© rasailojaraid.com


# مطبوعات

**برنا باس کی انجیل (اُردو)**

مرتب : برنا باس - مترجم آسی ضیائی
صفحات : ۲۸۶ طباعت و کتابت عمدہ آفسٹ
کاغذ - عمدہ سفید - قیمت : ۱۳/۵۰ روپے
شائع کردہ : اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ لاہور -

برنا باس حضرت مسیح علیہ السلام کے حواریوں میں سے تھے ۔ انہیں حضرت مسیح علیہ السلام سے براہ راست مستفید ہونے کا موقع ملا ۔ حضرت مسیح علیہ السلام سے جو تعلیمات انہوں نے حاصل کیں ، انہیں ایک مجموعہ کی شکل میں اکٹھا کیا جو بعد میں انجیل برنا باس (BERNABAS GOSPEL) کے نام سے مشہور ہوئیں - حضرت مسیح علیہ السلام کے دوسرے تمام حواریوں کے برعکس برنا باس نے حضرت مسیح علیہ السلام کی تعلیمات کو براہ راست اُن سے روایت کیا ہے ۔ انجیل برنا باس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ برنا باس کو حضرت مسیح کی خدمت میں حاضری کا شرف بھی حاصل ہوا ہے ۔ انجیل برنا باس میں توحید باری تعالیٰ کے بارے میں واضح تعلیمات ملتی ہیں ، شرک و بُت پرستی کی جا بجا مذمت پائی جاتی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے بارے میں روشن بشارتیں درج ہیں - یہ کتاب انجیل چونکہ مروجہ مسیحی مذہب کی تعلیمات کی یکسر تکذیب کرتی ہے اور اُن کی اصلیت کو طشت از بام کر دیتی ہے اس لیے مسیحی دنیا نے اُس کو ہر ممکن طریقہ سے منظر عام پر آنے سے روکنے کی کوششیں کیں - ۲۹۶ء میں سرکاری طور پر پاپائے روم گلاسیس نے اس کتاب کو گمراہ کن قرار دے کر اس کے مطالعہ پر پابندی عاید کر دی - اور اس کو اپنے پاس رکھنا جرم قرار پایا - ۱۷۰۹ء میں جا کر کہیں اس کا اطالوی ترجمہ ملنے لگا - اور ۱۹۰۷ء میں ایک پادری مسٹر ریگ (RAGG) اور اس کی بیوی نے اس اطالوی ترجمہ کو انگریزی میں منتقل کیا - زیر تبصرہ کتاب (باقی بر صفحہ ۴۸)

© rasailojaraid.com